Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲ ذیقعدہ ۱۳۵۲ھ ہجری مطابق ۱۷ فروری ۱۹۳۴ء جلد

حصہ اول

خلاصہ احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

(۱)	برقراری سلسلہ ملازمت مسٹر لشبرز موٹر انجنیر	۲
(۲)	منظوری رخصت کپتان ایڈجوٹنٹ عمران شاہ خان فرسٹ رامپور رضا انفنٹری	״
(۳)	رخصت سکنڈ لفٹنٹ حمید اللہ خاں۔ کوارٹر ماسٹر فرسٹ رامپور رضا انفنٹری۔	۲ و ۳

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم:- واقع ۱۰ فروری ۱۹۳۲ء

(دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم)

مزید عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر باستدعائے صدور حکم برقراری سلسلہ ملازمت مسٹر لشوزر موٹر انجنیر جو بحکم ۱۰ اکتوبر ۱۹۳۱ء خدمات سے سبکدوش ہوگئے تھے اور اُن کا دوبارہ تقرر ۱۹ فروری ۱۹۳۲ء کو موٹر گراج میں ہوا۔ ایک سال چار ماہ ملازمت سے علیحدہ رہے

حکم

بموجب رپورٹ۔ لشوزر موٹر انجنیر کا سلسلہ ملازمت برقرار رکھا جانا منظور ہے۔ ایام بیکاری کی تنخواہ نہیں ملے گی۔ کاغذات برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

بنشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

۱۳ فروری ۱۹۳۲ء — دستخط فار صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم:- واقع ۱۲ فروری ۱۹۳۲ء

(دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم)

مزید عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر معہ تحریر صاحب آرمی منسٹر بہادر باستدعائے منظوری رخصت دس یوم مطلوبہ کپتان ایڈجوٹنٹ عمران شاہ خان فرسٹ رامپور رضا انفنٹری از ۲۴ فروری لغایت ۵ مارچ ۱۹۳۲ء (بعد ختم کیمپ ٹریننگ)

حکم

بموجب رپورٹ۔ کپتان ایڈجوٹنٹ عمران شاہ خان فرسٹ رامپور رضا انفنٹری کی دس یوم کی رخصت ۲۴ فروری ۱۹۳۲ء سے ۵ مارچ ۱۹۳۲ء تک منظور ہے۔

کاغذات برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

آرمی ہیڈ کوارٹرز سے آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔

بنشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں آرمی ہیڈ کوارٹرز سے آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔

۱۳ فروری ۱۹۳۲ء

دستخط فار صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم:- واقع ۱۰ فروری ۱۹۳۲ء

(دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم)

مزید عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر معہ تحریر صاحب آرمی منسٹر بہادر باستدعائے منظوری رخصت ایک ہفتہ مطلوبہ سکنڈ لفٹنٹ حمید اللہ خان کوارٹر ماسٹر فرسٹ رامپور رضا انفنٹری از ۱۷ لغایت ۲۳ فروری ۱۹۳۲ء (بعد ختم کیمپ ٹریننگ) بضرورت شادی

حکم

بموجب رپورٹ سکنڈ لفٹنٹ حبیب اللہ خاں کوارٹر ماسٹر فرسٹ رامپور رضا انفنٹری کی ایک ہفتہ کی رخصت ۲۰ فروری ۱۹۳۴ء سے ۲۶ فروری ۱۹۳۴ء تک منظور ہے۔

کاغذات برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

آرمی ہیڈکوارٹرز سے آرمی آرڈر جاری کیا جائے

بشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

آرمی ہیڈکوارٹرز سے آرمی آرڈر جاری کیا جائے

۱۴ فروری ۱۹۳۴ء

(دستخط فارم صاحب چیف منسٹر بہادر)

حکم:- واقع ۱۵ فروری ۱۹۳۴ء

گذشتہ عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر دربارہ صدور حکم رخصت تین یوم من ابتدائے ۱۳ فروری ۱۹۳۴ء لفٹنٹ عبدالغفار خان صاحب بوجہ انتقال والد۔

بموجب رپورٹ لفٹنٹ عبدالغفار خان فرسٹ رامپور رضا انفنٹری ۱۳ فروری ۱۹۳۴ء سے تین یوم کی رخصت منظور ہے۔

کاغذات برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں آرمی ہیڈکوارٹرز سے آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔

(دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم)

بشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔
آرمی ہیڈکوارٹرز سے آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔ ۱۶ فروری ۱۹۳۴ء
دستخط فارم صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار:- واقع ۱۵ فروری ۱۹۳۴ء

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔ خانبہادر سید ابو محمد صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی خدمات یو پی گورنمنٹ سے دو سال کے واسطے ریاست میں مستعار لی گئی تھیں جنکی مدت ۱۵ جولائی ۱۹۳۴ء کو ختم ہوگی۔ اب بموجب رپورٹ تاریخ ختم مدت سے صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی مدت خدمات میں دو سال کی مزید توسیع منظور کیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

(دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم)

بشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔ ۱۶ فروری ۱۹۳۴ء

دستخط فارم صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار:- واقع ۱۶ فروری ۱۹۳۴ء

رپورٹ منسلکہ ملاحظہ ہوئی۔ کرنل ڈی بیمرج صاحب آرمی منسٹر بہادر کی میعاد ملازمت ریاست ۲۳ مئی ۱۹۳۴ء کو ختم ہوگی۔ بموجب رپورٹ صاحب آرمی منسٹر بہادر کی مدت ملازمت میں تاریخ ختم مدت سابقہ سے ایک سال کی توسیع منظور کیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

(دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم)

بشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں
ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔ ۲۶ فروری ۱۹۳۴ء
دستخط فارم صاحب چیف منسٹر بہادر